FAIZAN ISLAMIC SCHOOL SYSTEM
DAWAT-E-ISLAMI

# قواعد ضوابط

فیضان اسلامک اسکول سسٹم میں بچوں اور بچیوں کی تعلیم و تربیت کے لیے اقدامات کیے جاتے ہیں۔ اسکول کی جانب سے کیے جانے والے اقدامات کے علاوہ بچوں اور بچیوں کی تعلیم و تربیت والدین بھی اپنا اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔ ہم آپ کے کردار کو سراہتے ہوئے اِس بات کی امید کرتے ہیں کہ آپ فیضان اسلامک اسکول سسٹم کے اصول و قواعد پر عمل فرمائیں گے۔

اصول و قواعد کی تعمیل پر ہم والدین کے کردار کو سراہتے ہیں۔

# قواعد وضوابط 2023-2024

فیضان اسلامک اسکول سسٹم میں بچوں اور بچیوں کی تعلیم و تربیت کے لیے اقدامات کیے جاتے ہیں۔ اسکول کی جانب سے کیے جانے والے اقدامات کے علاوہ، بچوں اور بچیوں کی تعلیم و تربیت میں والدین بھی اپنا کردار ادا کر رہے ہیں۔ ہم آپ کے کردار کو سراہتے ہوئے اس بات کی امید کرتے ہیں کہ آپ فیضان اسلامک اسکول سسٹم کے اصول و قواعد پر عمل فرمائیں گے۔

- والدین / سرپرست اپنے بچوں / بچیوں کو فیضان اسلامک اسکول سسٹم کے یونیفارم میں ہی فیضان اسلامک اسکول سسٹم بھیجیں۔
- بچوں / بچیوں کو ID Card لازمی پہنا کر بھیجیں۔
- بچوں / بچیوں کو فیضان اسلامک اسکول سسٹم کے مقررہ وقت پر فیضان اسلامک اسکول سسٹم پہنچائیں اور چھٹی کے وقت سے 30 منٹ کے اندر اندر بچے / بچی کو کیمپس سے لے جائیں۔
- سرپرست / والدین یا کوئی آپ کی طرف سے منتخب اسلامی بھائی / بہن بچے / بچی کو کیمپس سے لیجانے کیلئے فیضان اسلامک کی اسکول سسٹم کے ID Card دوسری کاپی لازمی ساتھ لیکر آئیں۔
- غیر حاضری کی صورت میں پرنسپل کو تحریری طور پر مطلع کریں۔
  - ایک دن کی چھٹی لینے کے لیے والدین پہلے دن تحریری درخواست کے ذریعے اطلاع دیں۔
  - بیماری سے متعلق ایک ہفتہ پہلے والد / سرپرست کی محفوظ شدہ درخواست جمع کروائیں۔
- معلومات یا شکایات کیلئے پرنسپل سے ملاقات فرمائیں۔ (تاہم کسی کو کلاس روم / اسٹاف روم میں داخلے کی اجازت نہیں، البتہ پیشگی وقت لیکر کلاس ٹیچر سے ملاقات کی جاسکتی ہے)
- تعلیم و تربیت کے سلسلے کو جاری رکھنے کیلئے اپنے بچے / بچی کی اسکول فیس ہر ماہ Due Date کے اندر اندر لازمی بینک میں جمع فرمائیں۔
- فیس چالان ہر ماہ کی 05 تاریخ تک وصول نہ ہونے کی صورت میں والد / سرپرست اسلامی بھائی فیضان اسلامک اسکول سسٹم کے ایڈمن آفیسر سے ڈپلیکیٹ کاپی (Duplicate Copy) حاصل کرکے فیس کی بروقت ادائیگی کو یقینی بنا سکتے ہیں۔
- درج ذیل صورتوں میں مجلس فیضان اسلامک اسکول سسٹم تادبی کاروائی کا اختیار رکھتی ہے۔ تادبی کاروائی سے مراد اسٹوڈنٹ کو تحریری / زبانی نوٹس دینا، فیضان اسلامک اسکول سسٹم کے کسی دوسرے کیمپس میں ٹرانسفر یا ایڈمیشن کینسل ہونا بھی ہے۔
  - کسی بچے / بچی کا کوئی عمل اخلاقی یا انتظامی طور پر اسکول کے قواعد وضوابط کے خلاف ہونے کی صورت میں۔
  - دو ماہ کی فیس جمع نہ ہونے کی صورت میں۔
  - بغیر اطلاع 15 (Written Application) دن یا اس سے زائد غیر حاضر رہنے پر۔
  - اساتذہ کے ساتھ بدتمیزی کی صورت میں۔
  - دوران امتحان نقل کرنے یا کروانے کی صورت میں۔

- کسی بھی وجہ سے ایڈمیشن کینسل ہونے کی صورت میں دوبارہ ایڈمیشن مینجمنٹ کی صوابدید پر ہو گا۔
- ایڈمیشن کینسل ہونے کی صورت میں اگر والدین / سرپرست پہلے سے فیس میں ڈسکاؤنٹ حاصل کر رہے تھے تو یہ رعایت ختم ہو جائے گی۔
- فیس کی بروقت ادائیگی نہ کرنے کی وجہ سے ایڈمیشن کینسل ہوا تو دوبارہ ایڈمیشن کے لیے گزشتہ تمام بقایاجات کے ساتھ آئندہ دوماہ کی فیس (متعلقہ کیمپس کے فیس اسٹرکچر کے مطابق) بھی پیشگی جمع کروانا ہو گی۔
- والدین / سرپرست اس بات کو یقینی بنائیں کہ فیضان اسلامک اسکول سسٹم میں آپ کے بچے / بچیاں غیر ضروری سامان، بھاری رقوم، موبائل فون یا زیورات وغیرہ لے کر نہ آئیں۔
- مجلس فیضان اسلامک اسکول سسٹم حسبِ ضرورت بچے / بچی کا ٹرانسفر ضرورت یا حالات کے پیش نظر والدین / سرپرست کی باہمی رضامندی سے شہر میں قائم فیضان اسلامک اسکول سسٹم کے کسی بھی کیمپس میں کر سکتی ہے۔
- تعلیمی سال کے دوران والدین / سرپرست کی طرف سے بچے / بچی کے ٹرانسفر کے لیے درخواست کا حق صرف ایک بار ہو گا، البتہ فیضان اسلامک اسکول سسٹم کی مجلس کو اس کی اجازت کا حتمی اختیار حاصل ہے۔ (ٹرانسفر کی صورت میں نئے کیمپس کی فیس ادا کرنی ہو گی۔)

## ہدایات:

- بچے بچی کے اسکول بیگ، یونیفارم، جوتوں اور جسمانی صفائی کا خاص خیال رکھیں۔
- رخصت کی صورت میں اسکول کا کام گھر میں پورا کروایئے تاکہ طالب علم کسی طور پر تعلیمی کمزوری کا شکار نہ ہو۔
- فون نمبر یا رہائش کی تبدیلی کی صورت میں تحریری طور پر متعلقہ فیضان اسلامک اسکول سسٹم کے پرنسپل کو مطلع کیجیے۔
- والد صاحب / سرپرست اسلامی بھائی صبح کیمپس کھلنے سے 9:30 بجے کے درمیان ایڈمن آفیسر اسلامی بھائی سے ملاقات کر کے تحریری طور پر بچے / بچی کی رخصت کی درخواست، اپنی شکایات و مسائل جمع کرواسکتے ہیں۔
- نابالغ بچوں (پری نرسری، نرسری کے جی اور کلاس 1 کے طلبہ) کیلئے خریداری کے حوالے سے دی گئی شرعی رہنمائی کے مطابق ہی تمام والدین / سرپرست اپنی اسٹیشنری، کتابیں / کاپیاں تعلیمی سال کے آغاز ہی میں جمع کروائیں۔

فیضان اسلامک اسکول سسٹم میں طلبہ کو لنچ کیلئے healthy food بھیجیں ، fast اور junk food سے اجتناب کریں۔
مجلس فیضان اسلامک اسکول سسٹم کے تحت منعقد ہونے والے مدنی مشوروں، تربیتی اجتماعات اور(P.T.M)
Parent-teacher meetings والدین / سربرست کی شرکت بچے / بچی کی تعلیم و تربیت میں معاون ہے، لہٰذا آپ سے ان اجتماعات میں پابندی سے شرکت کی درخواست ہے۔

- والدین / سرپرست بچوں / بچیوں کی تعلیمی واخلاقی کارکردگی پر مکمل توجہ دیں اور احسن طریقے سے پوچھ گچھ کا سلسلہ جاری رکھیں۔ نماز کی پابندی اور روزمرہ معاملات میں سنتوں اور آداب پر خود عمل کرتے ہوئے اپنے بچے بچی کو بھی عمل کی ترغیب دلائیں۔ اس سلسلے میں مدنی چینل بہترین رہنما ہے لہٰذا اپنے گھر میں مدنی چینل دیکھتے رہیں۔
- بچے / بچی کی ایسی طبی حالت جسکی وجہ سے انہیں خصوصی توجہ کی حاجت ہو یا دوسرے بچوں کی کسی آزمائش کا سامنا کرنا پڑے تو اس حوالے سے فیضان اسلامک اسکول سسٹم کو پیشگی آگاہ کرنا ضروری ہے۔
- کسی بھی وجہ سے شہر میں حالات خراب ہونے کی صورت میں والدین فیضان اسلامک اسکول سسٹم کی انتظامیہ سے رابطہ کرکے اپنے بچے / بچی کو فیضان اسلامک اسکول سسٹم سے لے جاسکتے ہیں۔